ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد تک کمی کا فیصلہ

وفاقی حکومت سے قیمتیں منظور کرتے وقت مقامی اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کے نرخ یکساں رکھنے کی سفارش

پشاور (جنرل رپورٹر) ملک کی بعض مقامی ادویہ ساز کمپنیوں نے جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں 30 فیصد تک کمی کرنے کا فیصلہ کیا ہے جسکا باقاعدہ اعلان رواں ماہ کے آخر میں کردیا جائیگا مقامی کمپنیوں کی قیمتیں ملٹی نیشنل کمپنیوں کے مقابلے میں پہلے ہی کم ہیں لیکن اس کے باوجود منافع کی شرح میں اتنی گنجائش موجود ہے کہ قیمتوں کو تیس فیصد کم کیا جاسکے صارفین کے حقوق کے تحفظ کا ادارہ دی نیٹ ورک ادویات ساز کمپنیوں سے متعلق اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ ملک کی بعض مقامی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

بقیہ نمبر 34 ادویات فیصلہ

ادویہ ساز کمپنیوں کی ادویات کی قیمتیں بہت زیادہ ہیں جس کے باعث ابتدائی مرحلے میں چھ سات ادویات جن میں نارفلاکساسین، سیفٹرائی زون، سپروفلاکساسین، ڈکلوفینک سوڈیم اور میکوبالامین وغیرہ کے تمام برانڈز کی قیمتوں کو تیس فیصد تک اسی ماہ میں نیچے لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے رپورٹ کے مطابق ملٹی نیشنل کمپنی کا 550 روپے والا انجکشن مارکیٹ میں ایک مقامی کمپنی کے 99 روپوں والے اسی انجکشن کی نسبت زیادہ بکتا ہے لہذا حکومت کو قیمتیں منظور کرتے وقت ایک دوائی کیلئے مقامی اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کی مصنوعات کی قیمتیں یکساں رکھنی جائیں۔